© rasailojaraid.com

# مسافران عدم

**محترم شاہد صدیق چوبان رحمۃ اللہ علیہ:**

مجلسِ احرار اسلام کے معاون اور جانشینِ امیر شریعت حضرت ابوذر بخاری رحمہ اللہ کے رفیق و معتمد جناب ابو معاویہ شاہد صدیق چوبان ۴/دسمبر بروز جمعرات مظفر گڑھ میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔

مرحوم اعلیٰ تعلیم یافتہ، وسیع المطالعہ، راسخ العقیدہ، بذلہ سنج، خوش اخلاق اور اعلیٰ شعری و ادبی ذوق رکھنے والے انسان تھے۔ حضرت ابوذر بخاری رحمہ اللہ کی بے شمار تقاریر ٹیپ ریکارڈر سے کاغذ پر منتقل کیں اور ان میں سے کئی تقریریں پندرہ روزہ "الاحرار" لاہور اور "طلوعِ سحر" (خطباتِ ابوذر) میں شائع ہو چکی ہیں۔

مرحوم کی وصیت کے مطابق حضرت ابنِ امیر شریعت پیر جی سید عطاء المھیمن بخاری مدظلہ نے ۵/دسمبر بعد نمازِ جمعہ وھاڑی میں ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور مغفرت کی دعاؤں کے ساتھ اللہ کے سپرد کر دیا۔

آپ کے پسماندگان میں ایک بیوہ، دو بیٹے (محمد معاویہ، محمد مغیرہ) اور ایک بیٹی ہیں۔ جبکہ محترم ساجد انصاری، محترم پروفیسر عابد صدیق اور محترم زاھد صاحب آپ کے بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے، خطاؤں کو درگزر فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین) خاندانِ امیرِ شریعت، مجلسِ احرار اسلام کے تمام اراکین اور ادارہ نقیبِ ختمِ نبوت کے تمام اراکین مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں اور پسماندگان کے غم میں شریک ہونے کے ساتھ ساتھ ان کے لئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔

**○ ڈاکٹر محمد طاہر صاحب (طائف، سعودی عرب) کے والد ماجد کی رحلت:**

ہمارے بہت ہی کرم فرما محترم ڈاکٹر محمد طاہر صاحب کے والد ماجد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ ہم ڈاکٹر صاحب کے غم میں شریک ہیں۔ اور ان کے والد مرحوم کی مغفرت و بلندی درجات کی دعاء کرتے ہیں۔

○ مجلس احرار اسلام چکڑالہ (ضلع میانوالی) کے ناظم جناب ماسٹر محمد خالد، محمد فاروق کے والد ماجد، مہر شاہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئے۔

○ حضرت ماسٹر عبدالرحمن صاحب مرحوم لدھیانوی کے بڑے فرزند حاجی ماسٹر سعید الرحمن لدھیانوی ۳ اگست ۹۷ء اتوار، شام پونے سات بجے انتقال کر گئے۔ آپ کا سانس رکا تو جلدی سے چارپائی منگوائی اور لیٹ کر منہ قبلہ کی طرف کر لیا کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ آپ کی عمر ۴۷ سال سات ماہ تھی آپ نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، تین صاحبزادے، اور ایک لڑکی چھوڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ اور پسماندگان کو صبر و جمیل عطاء فرمائے (آمین) آپ کی نماز جنازہ حضرت قاری محمد


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امین خطیب جامع مسجد عید گاہ نے پڑھائی اور آپ کو عید گاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ قاری صاحب آپ کے عزیز ترین دوست تھے۔

- مجلس احرار اسلام چکڑالہ کے رکن جناب غلام محمد کے بھائی، حیات محمد، والد محمد خان انتقال کر گئے۔
- مجلس احرار اسلام چکڑالہ کے معاون حافظ غلام حبیب صاحب (امام سفید جامع مسجد) کے بھائی دین محمد انتقال کر گئے۔
- صادق آباد میں ہمارے کرم فرما محترم حافظ محمد اسماعیل صاحب ۱۷ ستمبر کو انتقال کر گئے۔

**محترم قاری محمد امین اختر افغانی مرحوم:** جامع عید گاہ شیخوپورہ کے خطیب محترم قاری محمد امین اختر افغانی ۶/۷/ ستمبر ۱۹۹۷ء کی درمیانی شب ۲ بجے انتقال کر گئے۔ انتقال کے وقت، کلمہ طیبہ، کلمہ تمجید اور لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا ورد کرتے رہے اور اسی عالم میں روح پرواز کر گئی۔ آپ نے نصف صدی سے زیادہ اس شہر میں خدمت قرآن کی اور تحفیظ قرآن مجید اور تجوید و قراءت کی تدریس کرتے رہے۔ ۱۹۷۴ء کی تحریک تحفظ ختم نبوت میں سر گرمی سے حصہ لیا اور ایک سال قید رہے۔ پسماندگان میں ایک بیوہ تین بیٹے اور بیٹی ہے

- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم شیخ بشیر احمد صاحب کی والدہ ماجدہ ۳۱/ اکتوبر ۱۹۹۷ء کو انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے رفیق محترم مشتاق احمد راجہ کی والدہ ماجدہ اور محترم پروفیسر خالد شبیر احمد کی ممانی صاحبہ ۳۱/ اکتوبر ۱۹۹۷ء کو چنیوٹ میں رحلت کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے معاون محترم چودھری محمد صدیق صاحب کی اہلیہ ۲ نومبر ۱۹۹۷ء کو ملتان میں انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے معاون محترم حکیم مقبول احمد صاحب نومبر ۱۹۹۷ء میں انتقال کر گئے
- مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے رکن جناب مستری محمد شفیق صاحب کی والدہ ماجدہ نومبر ۱۹۹۷ء میں انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام گجرات کے قدیم کارکن لالہ چراغ دین کی اہلیہ اور مرزا سردار بیگ کی ہمشیرہ ۲۲/ اکتوبر ۱۹۹۷ء کو انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے رکن جناب مرزا غلام قادر صاحب کی والدہ ماجدہ ۲ ستمبر ۱۹۹۷ء کو رحلت فرما گئیں۔

## چودھری محمد عاشق احرار کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام قصور کے امیر چودھری محمد عاشق احرار اور چودھری محمد صادق کے والد ماجد میاں محمد دین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صاحب ۶ جولائی ۱۹۹۷ء کو ۸۵ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

## عبداللطیف خالد چیمہ کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما جناب عبداللطیف خالد چیمہ کے چچا محترم محمد احسان صاحب ۸ ستمبر ۱۹۹۷ء کو انتقال کر گئے۔

محترم عبداللطیف خالد چیمہ صاحب کے ہم زلف جناب محمد زبیر صاحب منگل ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۷ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔

## جناب محمد سلطان مرحوم:

مجلس احرار اسلام لاہور کے قدیم کارکن جناب محمد سلطان صاحب ۹ اکتوبر جمعرات کی شام ٹریفک کے حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔ مرحوم کا تعلق ہوشیار پور (انڈیا) سے تھا۔ وہ گذشتہ پچاس برس سے مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے۔ وہ ایک وفادار، ایثار پیشہ اور دینی تڑپ رکھنے والے انتھک اور متحرک کارکن تھے۔ احرار حلقوں میں ''علامہ سلطان'' کے نام سے معروف تھے۔ ان کی عمر ۷۳ برس تھی۔

تحفظِ ختم نبوت کیلئے وہ ہر تحریک میں پیش پیش رہے۔ ملعون یوسف کذاب کیس میں وہ سب سے زیادہ متحرک تھے۔ بلکہ تھانہ ملت پارک لاہور میں مقدمہ درج کرنے کی درخواست بھی انہوں نے ہی دی۔ حضرت امیر شریعت اور دیگر اکابر احرار کے فدائی و شیدائی تھے۔ ۹/اکتوبر کی شام حسبِ معمول دوستوں سے مل کر اپنی سائیکل پر گھر جا رہے تھے کہ راستے میں ویگن کی ٹکر سے گر پڑے اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

احباب ان سب حضرات و خواتین کی مغفرت کیلئے دعاء کا خاص اہتمام فرمائیں۔ ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام ارکان مرحومین کیلئے مغفرت کی دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ان کے غم میں شریک ہیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام چکڑالہ کے خازن جناب عبدالخالق خلیق کی اہلیہ اور بیٹا علیل ہیں

جناب حکیم محمد صدیق تارڑ صدر مجلس احرار اسلام مرید کے علیل ہیں۔

- محترم شیخ ریاض الدین ابن شیخ حسام الدین رحمہ اللہ ایک عرصہ سے علیل ہیں۔

احباب ان حضرات کی صحت یابی کیلئے خاص طور سے دعاء فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین)


© rasailojaraid.com